web: www.dailypearlview.com

ABC CERTIFIED

Daily PEARL VIEW

Member AKNS

Rawalakot

روزنامہ پرل ویو

راولاکوٹ

اسلام آباد

ایڈیٹرانچیف : شفقت ضیاء

Email: dailypearlview@gmail.com

جلد:09	جمعۃ المبارک یکم دسمبر 2023ء، 16 جمادی الاول 1445، 18 مگھر 2080ب	صفحات 04 قیمت 20 روپے	شمارہ:257

جامعہ پونچھ کی ادارہ جاتی جائزہ کمیٹی کا اجلاس، مختلف شعبہ جات کی کارکردگی کا جائزہ

اسٹریٹیجک اہداف، مقاصد کے حصول کیلئے شعبوں کی کارکردگی، حکمت عملی اور طریقہ کار کا جائزہ، نمائندہ افسران کی بریفنگ

کمیٹی نے انتظامی امور کی انجام دہی کیلئے اقدامات کو سراہا، پالیسیوں پر عملدرآمد کیلئے جائزہ کمیٹی کا کردار انتہائی اہم، ڈاکٹر آصف خان

راولاکوٹ (پرل نیوز) جامعہ پونچھ راولاکوٹ میں ادارہ جاتی کارکردگی کا جائزہ لینے کیلئے قائم "انسٹی ٹیوشنل پرفارمنس ایویلیوایشن" کمیٹی کا اجلاس یہاں ڈاکٹر محمد آصف خان ڈائریکٹر کیو ای سی "کوٹلی یونیورسٹی منعقد ہوا۔ اجلاس میں جامعہ پونچھ کے اسٹریٹیجک اہداف اور مقاصد کے حصول کیلئے مختلف شعبوں کی کارکردگی، حکمت عملی اور طریقہ کار کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں، ڈائریکٹوریٹ آف فنانس، امتحانات، ورکس، پلاننگ، رجسٹرار، کوالٹی انہانسمنٹ سیل، اوورک اور (بقیہ 51 صفحہ 03)

راولاکوٹ: ڈائریکٹر کیو ای سی کوٹلی یونیورسٹی ڈاکٹر آصف خان جامعہ پونچھ ادارہ جاتی جائزہ کمیٹی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

دیگر شعبوں کے افسران نے کمیٹی ممبران کو کام کے طریقہ کار، اہداف کے حصول کی حکمت عملی اور جامعہ پونچھ کے ویژن اور مشن کی روشنی میں مستقبل کے لائحہ عمل سے متعلق کمیٹی ممبران کو آگاہ کیا۔ اور بتایا کہ مختلف شعبے جامعہ پونچھ کی ترقی میں کیسے کردار ادا کر رہے ہیں۔ اجلاس میں کمیٹی ممبران ڈین ایگریکلچر پروفیسر ڈاکٹر ناصر رحیم، ڈائریکٹر "کیو ای سی" پروفیسر ڈاکٹر شاہد اقبال اعوان، ڈپٹی ڈائریکٹر فیصل ریاض نے بھی شرکت کی جبکہ کنٹرولر امتحانات ڈاکٹر امتیاز احمد، ڈائریکٹر ورکس انجینئر وسیم احمد، ڈپٹی رجسٹرار شاہد امیر، عبدالباسط خان، ارشد محمود عارف، محمد فرخ اور دیگر نے اپنے اپنے شعبوں سے متعلق بریفنگ دی۔ کمیٹی نے جامعہ کے انتظامی اور تدریسی ڈھانچے کا جائزہ لیا اور انتظامی اور تدریسی امور کی انجام دہی کیلئے اقدامات کو سراہا۔ کمیٹی نے مختلف شعبوں میں کارکردگی میں مزید بہتری لانے کیلئے سفارشات پیش کیں۔ مختلف شعبوں کے نمائندہ افسران نے کہا کہ ادارے کی فعال کارکردگی کیلئے کمیٹی کی سفارشات پر عملدرآمد یقینی بنایا جائے گا۔ اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے ڈاکٹر محمد آصف خان نے کہا کہ ادارہ جاتی جائزہ کمیٹی کے قیام کا مقصد اداروں میں روزمرہ امور کی جدید خطوط پر انجام دہی کیساتھ کام میں مزید فعالیت لانا ہے تاکہ کارکردگی میں اضافہ کیا جا سکے۔ انھوں نے جامعہ کے تنظیمی ڈھانچے اور خدمات کی انجام دہی کے طریقے کار کو سراہا۔ انھوں نے کہا کہ قواعد و ضوابط، پالیسیوں پر عملدرآمد اور معیار کو بڑھانے اور خود احتسابی کیلئے ادارہ جاتی جائزہ کمیٹیوں کا کردار انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔